SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

# PRESS RELEASE

For immediate release

October 27, 2020

## ایس ای سی پی نے ریگولیٹری سینڈ بکس کے تحت کاروباری سرمایہ اکٹھا کرنے کے پہلے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کی منظوری دے دی

اسلام آباد (اکتوبر 27): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ملک کے پہلے ٹیکنالوجی پر مبنی کراؤڈ فنڈ نگ پلیٹ فارم کی ریگولیٹری سینڈ بکس کے تحت  اس مالی پراڈکٹ کی مارکیٹ میں ٹیسٹنگ کرنے کی منظوری دے دی ہے۔

کراؤڈ فنڈ نگ ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے جس کے ذریعے اسٹارٹ اپس اور چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار سرمایہ کاروں سے سکیورٹیز کے بدلے سرمایہ حاصل کر سکتے ہیں۔ کراؤڈ فنڈ نگ کا پلیٹ فارم سرمایہ کاروں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے سرمایہ کے حصول کے لئے درخواست دینے والی کمپنی کی جانچ پڑتال کرتا ہے تاکہ صرف مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے منصوبے ہی کراؤڈہ فنڈ نگ کے پلیٹ فارم کے ذریعہ سرمایہ کاروں سے فنڈ اکٹھا کرنے کے لئے سکیورٹیز کا اجرا کر سکیں۔

کراؤڈ فنڈ نگ پلیٹ فارم کا اجرا کرنے والی کمپنی ایس ای سی پی کی متعین کردہ شرائط اور طے شدہ کنٹرول ریگولیٹری ماحول میں چھ ماہ تک کام کرے گی اور ایس ای سی پی کی نگرانی میں اس کاروباری ماڈل کی جانچ کی جائے گی۔ ریگولیٹری سینڈ بکس میں اس مالیاتی پراڈکٹ کی جانچ کی تکمیل پر مذکورہ درخواست دہندہ کمپنی کراؤڈ فنڈ نگ پلیٹ فارم کے ذریعہ فنڈ اکٹھا کرنے کی سرگرمیوں کے بارے میں کمیشن کو جامع رپورٹ جمع کروائی جائے گی۔ اس رپورٹ کی روشنی میں ایس ای سی پی پاکستان میں کراؤڈ فنڈ نگ کے پلیٹ فارمز کو ریگولیٹ کرنے کے لئے آئندہ کے لائحہ عمل طے کرے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005